# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

## وفاقی دارالحکومت میں 20 مقامات پر ''ووٹر فارمز وصولی سینٹرز'' قائم کر دیئے گئے ہیں۔

## ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر اسلام آباد

اسلام آباد—26-فروری-2021

الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 20 مقامات پر اسسٹنٹ رجسٹریشن آفیسرز (اے آر اوز) کے دفاتر میں ''ووٹر فارمز وصولی سینٹرز'' قائم کر دیئے گئے ہیں۔ان سینٹرز پر فارم 21 (برائے ووٹ اندراج/منتقلی)، فارم 22 (برائے ووٹ حذف) اور فارم- 23 (برائے ووٹ درستگی) رکھ دیے گئے ہیں۔ان سینٹرز کو قائم کرنے کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ عوام الناس بالخصوص ووٹرز اپنے قریبی متعلقہ سنٹرز کا دورہ کر کے باآسانی اپنے ووٹ کا اندراج، درستگی یا حذف کرو اسکیں۔ اس حوالے سے عوام الناس کے لیے یہ وضاحت کی جاتی ہے کہ قانون کے مطابق ووٹ کا اندراج صرف اسی انتخابی علاقے میں ہو سکتا ہے جہاں کا پتہ انکے شناختی کارڈ پر اس علاقے کا پتہ درج ہو گا۔ لہذا اگر کوئی بھی ووٹر اپنا ووٹ کی دوسری جگہ تبدیل کروانا چاہتا ہے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ پہلے اپنے شناختی کارڈ پر مطلوبہ علاقے کا پتہ درج کروائیں۔ جسکے بعد فارم 21 پر کر کے اپنے متعلقہ سینٹر یا دفتر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر ایف- 7 مرکز اسلام آباد میں جمع کروادیں۔ وفاقی دارلحکومت کے جن 20 مقامات پر فارمز وصولی سیٹرز قائم کیے گئے ہیں وہ انکی تفصیل اس طرح سے ہے؛

اسلام آباد ماڈل سکول برائے طلباء کھنہ نئی آبادی اسلام آباد، ایریا ایجوکیشن آفیسر بہارہ کہو اسلام آباد، اسلام آباد ماڈل کالج بہارہ کہو برائے طلباء سمبلی ڈیم روڈ اسلام آباد، ایریا ایجوکیشن آفیسر نیلور اسلام آباد، اسلام آباد ماڈل کالج برائے طلباء مغل اسلام آباد، ایریا ایجوکیشن آفیسر سہالہ اسلام آباد، اسلام آباد ماڈل سکول برائے طلباء جھنگ سدھاں اسلام آباد، اسلام آباد ماڈل کالج برائے طلباء ترنول اسلام آباد، ایریا ایجوکیشن آفیسر ترنول اسلام آباد، اسلام آباد ماڈل سکول برائے طلباء گولڑہ اسلام آباد، اسلام آباد ماڈل سکول برائے طلباء ایف ایٹ تھری اسلام آباد، نگیال طارق شہید ماڈل سکول برائے طلباء ایف سکس ٹو اسلام آباد، رضوان شریز شہید ماڈل سکول برائے طلباء نور پور شاہاں اسلام آباد، علی عباس شہید ماڈل کالج برائے طلباء جی سکس ٹو اسلام آباد، تنویر حسین شہید ماڈل کالج برائے طلباء جی سیون فور اسلام آباد، اسلام آباد ماڈل سکول برائے طلباء جی ایٹ ون اسلام آباد، ثاقب غنی شہید ماڈل سکول برائے طلباء VI (سے) X جی نائن ون اسلام آباد، اسلام آباد ماڈل سکول برائے طلباء VI (سے) X آئی نائن فور اسلام آباد، اسلام آباد ماڈل سکول برائے طلباء آئی ٹن ٹو اسلام آباد اور اسلام آباد ماڈل سکول برائے طلباء جی ٹن تھری اسلام آباد۔ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر اسلام آباد نے عوام الناس سے اپیل کی ہے کہ وہ آج ہی 8300 پر اپنا شناختی کارڈ کا نمبر میسج کر کے اپنے ووٹ سے متعلق معلومات حاصل کریں اور اگر ووٹ درست کروانے کی ضرورت ہے تو اوپر دی گئی ہدایت کی روشنی میں فارم 21 پر کر کے اپنے متعلقہ قریبی سینٹر یا دفتر ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر اسلام آباد میں جمع کروائیں تا کہ آئندہ ہونے والے مقامی حکومتوں یا عام انتخابات کے دوران انہیں ووٹ ڈالنے میں کسی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔